صلعم دیگر اند و غیر مبشران حسب وہم یہود و نصاری دیگر پس ما فرقہ اسلام ایمان می آریم بمبشران و تصدیق میکنیم معجزات ہمین مبشران را و نمی شناسیم و نمی دانیم ما موسی و عیسی غیر مبشر از این جہت شان تصدیق داشتہ باشیم ما بمعجزات چنین غیر مبشران بنابرین اعتراض یہود و نصاری بر ما وارد نمی شود اُردو یہہ ایک مسئلہ ہے کہ جسکا جاننا ضروری اور ناگزیری ہے اور وہ یہہ ہے کہ ہان جب کسی خبر کیواسطے ایک ایسا قرینہ ہووے کہ جو اوس خبر کے صادق ہونے پر دلالت کرے تو ایسی خبر بہی فائدہ دیتی ہے تصدیق اور علم کا پس ان دونون فرقون یہود اور نصاری کے پاس اخبار آحاد مین سے کوئی ایسی خبر ہو جو ایسے قرینہ پر مشتمل ہو کہ دلالت کرے اوپر ثبوت معجزون ان دونون یعنی موسی اور عیسی علیہما السلام کی پس یہہ دونون فرقے ایمان لانے مین اوپر ان دونون علیہما السلام کے مواخذہ نہین کیئے جاوینگے کسواسطے کہ خبرین انکی جن سے انہون نے ان دونون کے معجزون کی نسبت تصدیق حاصل کی ہے ایسے قرینہ پر مشتمل ہین اور جو نہین یعنی اگر انکی خبرین جو اخبار آحاد کے قبیل اور جنس سے ہین کسی قرینہ مصدقہ پر مشتمل نہین تو بیشک قابل مواخذہ کے ہوسکتے ہین کہ بدون موجود ہونے کسی مصدقہ قرینہ کے صرف خبر آحاد پر بھروسا کرکے ایمان لائے اور غیر ثابت معجزونکی صرف اپنے زعم اور پندار پر تصدیق کرلی اور انکا علم اور تصدیق موثوق اور معتمد نہوا کسی قرینہ مصدقہ پر بلکہ انکے ایمان کی بنا ہوئی اوپر خبر آحاد کے جو محتمل ہوتی ہے صدق اور کذب کے اور کسی قرینہ مصدقہ معقول نے ایسی خبر آحاد کی توثیق اور تصدیق نہین کی برخلاف فرقہ اہل اسلام کے کہ یہہ ایمان لائے اوپر موسی و عیسی کے بسبب خبر قرآنی کے اور ایسے ہی انہون نے تصدیق کرلی ان دونون کے معجزونکی قرآن مجید سے پس ایمان انکا اوپر موسی اور عیسی علیہما السلام کے اور تصدیق انکی نسبت انکے معجزون کے بسبب خبر متواتر یعنی قرآن مجید کے ہے نہ بسبب اخبار آحاد کے تاکہ محتاج ہون طرف ڈہونڈہنے کسی قرینہ مصدقہ کے یعنی جب خبر متواتر سے ہمکو انکی نبوت اور معجزون کے صادر ہونے سے خبر حاصل ہوئی تو ہمکو کسی قرینہ مصدقہ کی جستجو کیطرف حاجت باقی نرہی لیکن ہم ایمان لائے ہین ان دونون علیہما السلام پر اوس حال مین کہ یہہ دونون موصوف ہون ان صفتون سے جو خبر قرآن مجید مین انکی نسبت ذکر کیگئی یعنی نسبت عیسی علیہ السلام کے قرآن مجید مین خبر دیگئی کہ وے بشارت دیتے تے کہ میرے بعد

ایک رسول آویگا جنکا نام احمد ہوگا اور ایسے ہی موسی علیہ السلام نے ہمارے نبی صلعم کی رسالت کی بشارت دی اور اونکی تصدیق اور تابعداری کے باب مین اپنی امت کو تاکید کی پس ایسی صفتون کے ساتھ موصوفونکے ہم مومن ہین اور اونسے جو معجزے صادر ہوئے جیسے کہ عصا کا سانپ بنجانا اور رود نیل کو لکڑی چیر ڈالنا اور بنی اسرائیل کے عبور کے واسطے بارہ راستے بنا دینا اور علی ہذا القیاس دوسرے معجزے جنکو تسعہ آیات کہتے ہین جیسے معجزہ مینڈکون اور جوون اور خون وغیرہ کا کہ قرآن مجید مین انکا ذکر ہے اور ایسے ہی بے باپ کے پیدا ہونا حضرت عیسی علیہ السلام کا حضرت کنواری پاک دامن مریم سے بوساطت روح القدس کے اور زندہ کرنا اونکا مردے کو اور چنگا کرنا اونکا فالج والے اور برص والے کو اور سوانکھا کرنا اونکا مادر زاد اندہے کو اور علی ہذا القیاس دوسرے معجزے اور اون کلمۃ اللہ پاک سے صادر ہوئے ہم بموجب سچے خبر قرآنی کی تصدیق کرتے ہین نہ اون موسی اور عیسی کی جنکو یہود اور نصاری دوسری صفتون سے موصوف گمان کرتے ہین یعنی وہم کرتے ہین کہ ان دونون نے ہمارے رسول اللہ صلعم کی رسالت سے خبر نہین دی بلکہ ہم ایسے موسی اور عیسی اور اونکے معجزونکی تصدیق نہین کرتے اسواسطے ہمارے پاس ایسے موسی اور عیسی کے باب مین کوئی برہان نہین اور برہان بغیر ایمان نہین اور یہہ ایک کلام تہا جو درمیان مین آگیا - مترجم کہتا ہے کہ ملخص یہہ ہے کہ بسبب اختلاف صفتون کے موصوف مختلف ہوجاتا ہے جیسے کہ زید کاتب اور ہوتا ہے اور زید غیر کاتب اور اسواسطے موسی اور عیسی علیہما السلام جو ہمارے رسول اللہ صلعم کے مبشر ہین اور ہین اور جنکو یہود اور نصرانی غیر مبشر گمان کرتے ہین اور ہین اور ہم مبشر موسی کے اوپر ایمان رکھتے ہین اور ان نبی کے معجزون کی تصدیق کرتے ہین غیر مبشر موسی اور عیسی کو ہم نہین جانتے اون کے معجزونکی تصدیق کیونکر متصور کسواسطے کہ ہر چیز کی ذات کے جاننے پر وابستہ ہوتا ہے اوسکے حال کا جاننا اسواسطے نصرانیون اور یہود کا اعتراض ہمپر نہین ہوسکتا ۱ ع ۰ لی واما اثبات النبوۃ بسائر معجزاتہ غیر القرآن فلما کانت المسئلۃ مما وجب بہا العلم والیقین ولا یکتفی بالظن فلا بد من الاعتماد بالاخبار المفیدۃ للعلم خبر الواحد اذا کان محفوفا بالقرینۃ خبر التواتر وھو اما متواتر لفظا او معنی ولا خبر کما اذا اخبر جماعۃ تقبل زید الکن من وجوہ شتی فاخبر احدھم بانہ قتلہ فلان

و لا آخر بانه قتله الا خر و هكذا فحصل الجزم من خبرهم بمقتولية زيد وان شك في القاتل
وكذا اخبر جماعة بحكايات مختلفة عن شجاعة احد و عن جوده فلا شك انه يحصل العلم
بشجاعة وجوده وان شك في كل واحد من الحكايات بخصوصها **فارسی** ولیکن
ثابت کردن دیگر همه معجزات رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم سوای قرآن مجید بسبب آنچه که مسلم مذکور
موجب علم و یقین و مثمر تصدیق و منتج اذعان باشد بآن یعنی اخبار آحاد مشتمله بر قرائن مصدقه مثبته تصدیق
که مفید علم یقینی میگردد و صرف ظن کافی نمیباشد پس ناگزیر است اخبار مفیده علم را معتمد و موثق بودن
یعنی بر قرائن مصدقه تا باشتمال آن ظن را مرتبه یقین بهره شود پس خبر یک کس یا دو کس عدل و امثال
آنان هرگاه افاده علم نکنند قابل استدلال و شایان حجت آوردن نمیباشند اما خبریکه محفوف و مشتمل
بود بر قرینه و نیز خبر متواتر خواه متواتر بود بالفظ والمعنی یا متواتر بود صرف از روی معنی همانا مفید
علم و منتج تصدیق شدن میتوانند و مثال اخیر یعنی متواتر صرف از روی معنی همچو خبر دادن جماعتی بمقتول
و کشته شدن زید بوجوه مختلفه متعدده مثلا خبر دهد یکے که زید را فلانی کشته است و دیگری گوید که او را
کسی دیگر سوای آن فلان بقتل آورده و همین سان یعنی سومی گوید که او را فلان کس دیگر کشته است
پس حاصل می شود جزم و یقین بکشته شدن زید هرچند شک واقع شود در قاتل یعنی مجتمع علیه و متفق علیه
مقتولیت زید میباشد پس ناگزیر به تصدیق بآن بهره میشود و اختلاف آنان در تعیین قاتل مزیل چنین
تصدیق که بمقتولیت زید بود نمی گردد و همچنین هرگاه جماعتی بحکایات مختلفه از شجاعت کسی و سخای آن
کس خبر دهند بی شک و بیگمان بوجود شجاعت و سخاوجود آن مخبر عنه علم و تصدیق حاصل میشود هرچند
در هر حکایت خاص از حکایات مذکوره آنان شک واقع شود یعنی قدر مجمع علیه و متفق علیه آنان
شجاع و جواد بودن مخبر عنه میباشد که بالاتفاق مبین و مخبر آن میباشند با اختلاف آنان در تعیین شق
خاص از صور صدور شجاعت وجود پس درین امر زائد بر نفس اصل مخبر بها یعنی شجاعت وجود زاید است
اختلاف کردن آنان در امر زائد در اصل و شجاعت وجود از آله یقین و ثبوت گمان نمیکند - مترجم
گوید که در ما نحن فیه و مبحوث عنه چنین گفته شود که اتفاق جماعت کثیره بر صدور معجزات دیگر سوای معجزه
قرآنی که خود هنوز موجود است بر دستیکه جاحدی هرگاه نیز ذی تمیز و قوت دریافت باصفت انصاف
بگوهر خود داشته باشد مجال انکار و یارای جحود ندارد و هرین گفتار است که همانا معجزات کثیره از حضرت

خاتم الانبیار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ظاہر وہویدا شدند پس نفس صدور معجزات بعلم جازم ثابت ہرچند
در مواقع صدور بسبب عدم تواتر شک واقع شود نفس صدور معجزات مثبت رسالت پس مدعا حاصل
آرد ولیکن سوائے قرآن مجید کے جو معجزہ موجود اور متواتر ہے دوسرے معجزونکی بابت جو حضرت
خاتم الانبیار صلعم سے صادر ہوئے ثابت کرنا اوسی وجہ سے جسکا یہہ مسئلہ کہ ذکر کیا گیا موجب اور مثبت
ہوا اور علم اور تصدیق بخشتی یعنی خبر آحاد مشتمل اوپر قرینہ مصدقہ کے اور یہہ قرینہ مصدقہ ابھی ذکر کیا جائیگا
انشاء اللہ تعالے اور صرف ظن پر کفایت نہین کیجاتی پس ضروری ہے اعتماد کرنا اوپر اون خبرونکے
جو مفید ہون علم کے پس خبر واحد اور ایسے ہی خبر دو مرد عادل کے جب مفید یقین کی نہین ہوتی یعنی
اوس سے یقین اور تصدیق حاصل نہین ہوتی اسواسطے اوس سے استدلال اور حجت لانا بھی صحیح نہین
ہوتا لیکن وہ خبر کہ جو علم کے مفید اور تصدیق کی منتج ہو خبر احاد ہوتی ہے جبکہ قرینہ مصدقہ پر مشتمل ہو
یعنی اون خبرون کے ساتھہ ایسا قرینہ موجود ہو جس سے دلمین تصدیق آوے اور دوسری خبر متواتر
خواہ لفظاً اور معنیً متواتر ہو خواہ صرف معنیً اور اخیر یعنی متواتر معنوی کی مثال ایسی ہے کہ ایک
جماعت کہے اور خبر دے کہ بیشک زید مارا گیا مگر مختلف وجہون سے مثلاً ایک مخبر تو کہے کہ زید کو فلان
آدمی نے مارڈالا اور دوسرا کہے کہ نہین فلان دوسرے نے مارڈالا اور اسیطرح ہر ایک دوسرے
کو قاتل بیان کرے پس ان مخبرون کی خبر سے زید کی مقتولیت کا علم بالجزم و بالیقین حاصل ہوتا ہے
اگرچہ قاتل کے باب مین شک واقع ہوا اور ایسے ہی ایک جماعت مختلف حکایتون سے کسی شخص کی شجاعت
اور سخاوت سے خبر دے پس بیشک اوس مخبر عنہ کی شجاعت اور شجاعت کی نسبت علم جازم اور تصدیق
حاصل ہوگی اگرچہ خاص ہر حکایت کی نسبت شک پیدا ہو۔ مترجم کہتا ہے کہ بسبب حصول علم جازم اور
تصدیق کا یہہ ہوتا ہے کہ پہلی مثال مین زید کے مقتول ہونے مین سب متفق اگرچہ ہر ایک مخبر قاتل
اوسکا جدا بیان کرتا ہو پس متفق علیہ یعنی اصل مقتولیت جسپر وہ جماعت متفق ہے بالتصدیق اور قاتل
کی تعیین ایک زائد امر ہے اوس سے کچھہ مطلب نہین اسواسطے کہ اگر اس زائد امر مین شک پڑے تو اصل
کو یعنی زید کی مقتولیت کو تصدیق سے علیحدہ نہین کرتے اور دوسری مثال مین اصل اور مایۂ اخبار
نفس شجاعت اور سخاوت مخبر عنہ کی ہوتی ہے جون اوسمین ان مخبرونکی جماعت متفق مین اسواسطے
حکایتونکا اختلاف اس تصدیق کو زائل اور معدوم نہین کرتا اب ہمارے کلام جس سے بحث اور گفتگو ہے

یعنی سواے قرآن مجید کے جسکے معجزیت ہر شخص عاقل با انصاف پر اظہر من الشمس ہے اور ابتک اوسکے اعجاز
مین کچھ کمی اور نقصان واقع نہین ہوا اور معجزون کے باب مین جو حضرت خاتم الانبیا محمد مصطفے صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم سے ظاہر ہوئے جماعت کثیر متفق ہے اگرچہ وقوع کی صورتون مین مختلف ہون پس اصل
یعنی صدور معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخوبی ثابت اور مصدق اور بعلم جازم معلوم اور
جو بسبب خبر آحاد مواقع صدور مین یعنی کیفیت مین اختلاف واقع ہو تو یہہ اختلاف اصل صدور معجزات
کا مخل اور حارج نہین پس جب اصل صدور معجزات ثابت رسالت ثابت اور یہی ہے مطلوب **عربی**
ولنا علی اثبات نبوة هذا النبي من الاخبار كل واحد من الاقسام الثلثة اذا نظر بعين الانصاف
فاما الخبر المحفوف بالقرينة فاقول هذا النبي قد اخبر في كتابه باختصاص كل نبي من الانبياء
السالفة معجزات كثيرة من غير فن الكلام وجعلها وسيلة لاثبات نبوته مثلا اخبر عن موسى
بان له تسع آيات الى فرعون وملائه ومثله عن عيسى وهكذا والعقل يحكم باستبعاد دعاء
النبوة من هذا الشخص مع اظهار المعجزة لنفسه مع عدم امكان صدور المعجزة عنه
فنقول لا شك في وجود بعض اخبار الآحاد عند المسلمين في معجزة هذا النبي واذا ضم اليه
ما مضى من الاستبعاد يفيد العلم بعد التخلية والانصاف **فارسی** وبر ثابت کردن معجزات این
نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مارا خبرہا اند موجود کہ ہر یکے از آن از این سہ گانہ اقسام اند یعنی یکے اخبار
آحاد مشتمل بر قرینہ مصدقہ دویمی خبر متواتر لفظاً ومعنًی سویمی خبر متواتر معنی ہرگاہ نگریستہ آید بدیدۂ
انصاف لیکن خبرے محفوف ومشتمل قرینہ پس بیانش چنین گوییم کہ این نبی صلعم خبر دادہ در کتاب خود
یعنی قرآن مجید کہ بر آن حضرت صلعم نازل شد بخصوص بودن ہر پیغمبری از پیغمبران پیشین بمعجزات
کثیرہ غیر از فن کلام یعنی غیر از معجزہ فصاحت وبلاغت گفتار کہ معجزۂ مختصہ ہمین حضرت صلعم ست وقرار داد
آنرا وسیلہ بر ثابت کردن رسالت ونبوت خودش مثلاً خبر داد از حال موسی کہ از آن علیہ السلام نہ
معجزہ باہرہ سوی فرعون وگروہ او ہویدا ای رسید وہمین سان از عیسی علیہ السلام یعنی احیاء
موتی وابراء ابرص واکمہ وجز آن وہمین سان از دیگر پیغمبران یعنی از معجزات داؤد وسلیمان
علیہما السلام برکشاد آنچنانکہ در قرآن مفصل مذکور اند برین تقدیر عقل ہمہ مستبعد میداند توانش
نداشتن چنین مدعی نبوت صلعم باصدار معجزات باوجود دعوی نبوت بر زبان داشتن وبہر خود ہم

وجود معجزه بیان کردن پس میگوییم که شک نیست در موجود بودن بعض اخبار آحاد نزدیک اہل اسلام در
ذکر معجزات این نبی صلعم پس ہرگاه قرینۂ این امر با این اخبار آحاد پیوندیده و منضم شود مفید علم
جازم شود بعد تخلیه و انصاف مترجم گوید که ایضاح بیان چنین که ہرگاه نبی ما صلی الله علیه و آله وسلم
کتابی معجز مثبت رسالت و نبوت خودش پیش کرد و دعوی نبوت خودش بر زبان آورد و درین آسمانی
کتاب خود موجود ست که از انبیا معجزات صادر میشوند مصدقۂ نبوت در رسالت آنان و از پیشتر
انبیا معجزات آنان بر کشاده گشت برین تقدیر خالی از دو حال نیست یا نبی صلعم تصدیق و اثبات
دعوی نبوت خودش معجزات بنمود یا ننمود پس اگر بنمود فهو المطلوب حاجتی نیست بدراز کشیدن سلسلۂ گفتار
و اگر ننمود و از اصدار آن زبون آمد درین صورت باشندگان ملک عرب که مبعوث فیهم بودند ایمان
آوردند یا نیاوردند ثانی یعنی ایمان نیاوردن آنان خود بدیهی البطلان ست از برای آنکه خود
بموافق و مخالف اظهر من الشمس ست که بعد دعوی نبوت تا زمان وفات شریف الوف الوف باشندگان
عرب و دیگر اقوام ایمان آوردند بآن استواری که بہ تهیه جهادات و غزوات و قتل و اعدام اہل اشراک
و سیآت از جان و مال دریغ نکردند و جبنی بکار نیاوردند و ہرگاه ایمان آوردن الوف الوف مردم
لاسیما مشرکان عرب که لجاج بر طباع آنان غالب میباشد علی الخصوص معشر قریش که بتحریک حسد و عناد
که بآن خلاصۂ موجودات صلعم بیشتری از آنان در محاربه و مقاتله جان دادند و انجام کار با سعادتمندان
و خردمندان آن گروه با یمان مشرف شده بمقاتله با اعدای دین بنیان اسلام را بچنان استواری استوار
کردند که بنیان مرصوص را مصداق آمد مبرهن و همه هویداست پس ثابت شد ظهور معجزاتی که تمام عرب را
بمنزل ایمان آورد ورنه عقل سلیم در غایت مرتبه استبعاد و استغراب بعید و غریب میداند که مدعی نبوت
خود فرا نماید که نشان نبوت ظهور معجزات ست و گوید که من هم معجز آورد فرجود نما هستم و باز از صدور
معجزات زبون آید و باوصف ظهور عجز و زبونی از اصدار معجزات الوف الوف مردم باو ایمان
آرند و در راه او از جان و مال دریغ ندارند و از اعدای دین دمار و هلاک برآرند پس چنین قرینه
مصدقۂ آن اخبار آحاد را که درباره دیگر معجزات سوای معجزۂ قرآنی مصدق و مؤید اند بر خبر آحاد
را نازل منزله تواتر آورد و قوله بعد التخلیة والانصاف یعنی چنین استبعاد بر کسی کشاده میگردد
که اوهام باطله و هواجس عاطله را از میان برآورده در میانه نفس خودش و نگرد رست و عقل سلیم تخلیه برداره

وانصاف را رہرو پیش گیرد و دانگری بکار آرد اُرد و اور ہمارے پاس اخبار آحاد مین سے
واسطے ثابت کرنے نبوت ان نبی صلعم کے تینون قسم کی خبرین ہین یعنی ایک تو خبر آحاد جو قرینہ مصدقہ
پر شامل ہو اور دوسری خبر متواتر لفظاً اور معنیً تیسری خبر متواتر صرف معنی پس خبر آحاد جو قرینہ مصدقہ
پر شامل ہے یہہ ہے کہ ان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی کتاب مین یعنی آسمانی کتاب جو ان صلی اللہ
علیہ وسلم پر نازل ہوئی خبر دی کہ ہر نبی انبیاء مین سے جو اگلے زمانے مین تھے بہت سے معجزون کے
ساتھہ مختص اور مخصوص تھے سوائے معجزۂ کلام یعنی معجزۂ کمال بلاغت اور فصاحت کے اور ان نبی صلعم
نے اس معجزۂ کلامی یعنی قرآن مجید کو اپنی نبوت کے ثابت کرنیکا ذریعہ اور وسیلہ قرار دیا مثلاً موسی کی
نبوت سے خبر دی کہ اوس علیہ السلام نے تو معجزے غالب دکہلائے فرعون اور اوسکے گروہ کو یعنی سانپ
کیصورت دکہلانا اپنے عصا کو اور ایسے ہی خون اور جوؤن اور ڈڈیونکا اور آخر رود نیل کا شق کرنا اپنی
عصا کے مارنے سے اور سوا اسکے دوسرے معجزے اور ایسے عیسیٰ کے حال سے خبر دی کہ اوس علیہ السلام
نے مردہ کو زندہ کیا فالج والے اور ابرص اور اندہے مادرزاد کو اچہا کیا اور اسکے سوا دوسرے معجزے
اونکے اور ایسے ہی یعنے دوسرے پیغمبرون جیسے داؤد اور سلیمان علیہما السلام کے معجزے آسمانی
کتاب مین مذکور ہین اب عقل سلیم نہایت بعید سمجھتی ہے کہ یہہ نبی صلعم خود بیان کرین کہ ثبوت نبوت کی
واسطے معجزونکو ظاہر کرنا ضرور ہے اور آپ ہی نبوت کا دعوی کرے اور بیان کرے کہ مین بہی معجزون
کے ساتھہ مبعوث ہوا ہون اور پہر اوس سے معجزونکا ظاہر ہونا ناممکن ہو یہہ بات تو درست عقل ہرگز
تسلیم نہین کرتی پس ہم کہتے ہین کہ درباب معجزون ان نبی صلعم اہل اسلام کے پاس اخبار آحاد موجود ہین
بیشک ولاریب اور جب ان اخبار آحاد کے ساتھہ استبعاد کا قرینہ لگا دیا جاوے تو مفید تصدیق اور علم
جازم کے ہوتے ہین بعد تخلیہ اور انصاف کے یعنی جب عقل سلیم کو وہمون اور تعصب کے ہاتہہ سے چہوڑ کر
درمیان اوسکے اور درمیان نفس کے تخلیہ کیا جاوے اور انصاف کا راستہ پیش نظر ہو۔ مترجم
کہتا ہے کہ مؤلف رح کا یہہ کلام ایک ایسی قوی برہان ہے کہ منکر نبوت کو ملزم کر سکتی ہے اس ایضاح
سے کہ جب مدعی نبوت دوسرے نبیون کے معجزے بیان کرے اور یہہ بہی کہے کہ معجزونکا ظاہر ہونا
نبوت کا مصدق ہوتا ہے اور آپ ہی نبوت کا دعوی کرے اور کہے کہ مین بہی معجزون کے ساتھہ
مبعوث ہوا ہون اور معجزہ دکہانے سے محض عاجز ہو پس یہہ امر دو حال سے خالی نہین یا یہہ کہ مبعوث

فہیم یعنی جس گروہ مین وہ نبی صلعم مبعوث ہوا ہو معجزے دیکھکر ایمان لادین یا نہین پس اگر پہلے شق ہے یعنی باشندگان ملک عرب معجزے دیکھکر ایمان لائے تو مدعا ثابت یعنی ظاہر ہونا معجزونکا ایسے مدعی نبوت صلعم سے اور دوسرے شق یعنی ایمان نہ لانا مبعوث فہیم کا بسبب نہ دیکھنے معجزون کے خود ظاہر البطلان کسواسطے کہ تاریخی کتابین اسلامی دین کے دشمنون کے خود موجود ہین کہ چند روز مین لاکھون آدمی ایمان لائے ایسی مضبوطی اور راستواری سے کہ رسول اللہ صلعم کی محبت اور خدا کی راہ مین اپنی جان ومال سے دریغ نہ کیا اور تہوڑے وقت مین باوصف کمی سامان کے اور قلت آدمیون کے روم اور مصر اور ایران کی سلطنت چہین لی اور ابتک یہہ سلطنت سلاطین اسلامیہ کے قبضہ قدرت مین ہین اب تیسری شق وہی اور باقی ہے اور وہ یہہ ہے کہ لاکھون آدمی عرب کے بدون دیکھنے کسی معجزہ وسحر بردست کے صرف مدعی نبوت کے کہنے سے ایمان لائے اور جہادات اور غزوات مین اپنی جانون اور مالونکو ہیچ سمجھا اور مشرکون اور مخالفون دین کو برباد کرڈالا تو یہہ شق عقل سلیم کے نزدیک بعید ہے علی الخصوص بواد یدحال عرب کے کہ جنکی طبیعتو نمین لجاج اور سختی ہوتی ہے خصوصاً مشرکان قریش جو ان مدعی نبوت کے بسبب حسد اور رشک کے دلی دشمن تھے یہانتک کہ بہتون نے لڑائیان کرکے اپنی جان دی پس عقل درست ہرگز تجویز نہین کرتی کہ بغیر دیکھنے معجزون کے اور وہ بہی بہت ظاہر جیسے قرآنی معجزہ کہ ابتک ویسا ہی ہے جیسا کہ بروقت ظہور کے تہا ایمان لائے ہون پس یہہ قرینہ مصدقہ اون اخبار آحاد کو منزلہ اخبار متواترہ کے پہونچاتا ہے پس وہمون اور دشمنی سے چہوٹنا اور انصاف کو مدنظر رکہنا شرط ہے اور دراصل اور فی نفس الامر ہدایت آلہی جلشانہ عزبی واما الخبر المتواتر لفظاً فنقول لاشک فی کون القرآن صادراً منہ جاریاً علے لسانہ عندنا وعند غیرنا اما عندنا فظاہر واما عند غیرنا فللخبر المتواتر عن المسلمین قاطبۃ بحیث لایحتمل اتفاقہم علی الکذب فیہ فیحصل الجزم بہ للغیر جزماً لا یداخلہ شائبۃ شک ثم اقول کما انہم اتفقوا علے ہذا الخبر کذلک اتفقوا علے صدور المعجزۃ منہ فی الجملۃ والکل یقولون بہما من دون تفاوت بینہما فاذا حصل العلم من خبرہم الاول فلاوجہ لان لایحصل العلم من خبرہم الاخیر اذ لاتفاوت فی الخبرین نعم ذہن الغیر لما کان مشوباً بالشبہۃ فلا یجزم بالاخیر مع جزمہ بالاول فعلیہ بالتخلیۃ فارسی اما خبر متواتر لفظاً پس گویم کہ در صادر

شدن قرآن مجید از آن نبی صلعم وجاری بودن آن بر زبان آن علیه الصلوة والسلام شکی وگمانی نیست
یعنی همه کس بیگمان میدانند که از زبان وحی ترجمانش جریان یافت واین امر نزدیک ما خود ظاهرست
لیکن نزدیک غیر ما یعنی مخالفان دین اسلام پس بسبب تواتر خبر از اهل اسلام همه آنان بروشی که احتمال
ندارد که چنین گروه کثیر همه وسراسر آنان بر کذب متفق شوند پس ازین ره غیر ما را نیز علم بالجزم باین امر
حاصل میشود چنان علم جازم که نزدیک آن نمی آید شکی از شکوک پس گویم که آنان یعنی سراسر وسربسر اهل اسلام
آنچنانکه اتفاق کردند برین خبر یعنی صدور قرآن مجید وجریان آن از زبان آنحضرت صلعم همین سان
اتفاق کردند بر صادر شدن معجزه فی الجمله وهمه وسراسر اهل اسلام قائل اند بآن بدون تفاوت درمیان
آن دو یعنی اول صدور قرآن مجید از زبان آنحضرت ودویمی معجزه بودنش پس هرگاه از خبر اول آنان
علم حاصل شد یعنی بصدور وجریان قرآن از زبان آن صلعم پس وجهی نیست بهر حاصل نشدن علم بالمعجزات
از خبر دویمی آنان از برای آنکه درمیانه هر دو خبر تفاوتی نیست که از آن یکی را راست ودویمی را کاست
تصور کرده آید آری هرگاه ذهن وفکر غیر اهل اسلام باشبهات آمیخته است پسین خبر یعنی معجزه بودن
قرآن مجید جزم وباور نمیکنند باآنکه بوادیء کثرت قائلان که اتفاق آنان بر کذب احتمال ندارد نخستین خبر
یعنی صدور وجریان قرآن را باور میکنند پس بایسته وناگزیر است بروی تخلیه یعنی رهانیدن اش نفس خود را
از شبهه. مترجم گوید که استدلال مؤلف رحمه الله تعالی باثبات معجزه بودن قرآن مجید بخبر متواتر اهل
اسلام نسبت آن کسان ست که بفن بلاغت آگاه نیستند از بهر آنکه آگاهان فن بلاغت بدریافتش مراعات
مقتضیات مقام واحتواء اسرار خفیه که از هر کلمه اش باندک تامل بر کشاده میگردند در دانستن اعجازش بخبر
هر چند همه متواتر لفظاً ومعنی بود نیاز ندارند خود آشکارا بنگرند که اعجازش بوجود دست وهرگاه خود همه
عیان بود حکایت را در آن چه بار واخبار را بهویدا کردنش چه کار وگذشت از اعجاز بلاغت آنان که
بمقاصد عالیه رسالت که تهذیب اخلاق وحسن معاملات واخلاص طاعات وسود بر آمدن عبادات واقبال
وتوجه باطن بسوی حضرت مبدا اعلی جلشانه بود وافزون ازین مبادی این امور که تزکیه نفوس از
رذائل وتحلیه آن بالفضائل وازاله زنگار سیأت از مرآت ضمیر ودل بدور ی کشیدن از زخارف
دنیای دون که مقدمات آن مقاصد عالیه بود دراه برده باشند اعجاز این آسمانی کتاب قدسی
خطاب همه هویدا تر دریابند که در بیشتر مواقع در آیتی یا دو سه آیه اینهمه مقاصد حمیده ومآرب عالیه

برکشاده است معجزیت این جاویدی معجزه آشکاراتر از خورشید در نیمروز می بنگرند درین صورت چنین راز در یابان گشاده درون را سوی خبر متواتر چه احتیاج همانا بیخبران ازین هر دو روش محتاج اند بسوی تواتر اخبار مثبت اعجاز این قدسی کتاب و کلمه فی الجمله در قول مصنف رح صدور المعجزة فی الجملة مشعر بهمین معنی ست که گروهی از خردمندان اعجازش بواد ید کمال بلاغت که از دائره مقدرت بشر خارج ست دریافته اند و گروهی دیگر بواد ید احتوار و اشتمال این خداوندی کتاب مقاصد عالیه مذکوره را و گروهی بوجوه دیگر پی باین راه برده اند الغرض همه و سراسر ارباب خرد باسعادت که یزدان والا بمقتضای ارادت ازلی و مشیت لم یزلی خودش آنان را در روز ازل نیک روزان و سعادت اندوزان مقدر کرده است در معجزه بودن قرآن مجید متفق اند و اهل باطن ارباب تصوف اعجازش باین راه دریافتند که همانا ایزدی گفتار ظهری و بطنی دارد یعنی ظاهر معنی اش شرائع و نوامیس و طرق عبادات جسمانیه اموریست و باطن و فحاوی آن بشوارق معارف و بوارق لطائف تابشگاه روان افروز پس اعجازش ازین رو همه هویدا دانند و در تفسیر آن دلاویز گفتارها که جان بفریبد و بشنیدن آن دل از پیکری خواسته و تنی آرزوها بر شکیبد بر زبان و در نامه رانند و این هنگام مصداق این بیت همین دائمی معجزه آسمانی کتاب راست در دل می نشیند سخنوری می فرماید **بیت** بهار عارض وحسنش دل و جان تازه میدارد ؛ برنگ اصحاب صورت را ببوار ارباب معنی را ؛ و دانش گشایان همه وجوه را فراهم و نیز هر یکی را جداگانه و نیز به پیوستن سراسر وجوه و رهروشهاے اعجاز بمعجزیت آن راه بردند نظر برین فرمود صدور المعجزة فی الجملة یعنی معجز بودنش متفق علیه و مجمع علیه ست و وجوه آن بعدت و کثرت این بود گفتاری که خامه را بی خواسته از زبان چکید و نامه اش پسندیده در نورد خودش کشید والله ولی التوفیق

اردو لیکن دوسری قسم اثبات معجزه رسول الله صلعم کی خبر متواتر لفظاً یعنی خبرین سب مخبرون کی اسمین لفظاً اور معنی متفق هون پس هم کهتے هین که شک نهین صادر هونے مین قرآن مجید کے نبی صلعم سے اور جاری هونے مین اوسکی زبان سے آنحضرت صلعم کی همارے نزدیک اور همارے سوا اورون کے نزدیک بهی لیکن همارے نزدیک تو خود ظاهر هے اور همارے سوا اورون کے نزدیک بوسیله خبر متواتر کے سارے اور تمام مسلمانون سے جنکی نسبت جهوٹ پر متفق هوجانیکا احتمال بهی نهین هوسکتا یعنی شرقاً و غرباً لاکهون بلکه کروڑون آدمی کا ایک جهوٹی بات پر اتفاق کرلینا احتمال کے قابل نهین

جہ جائے علم جازم کہ وہ خود محال عادی ہے پس اس سبب یعنی موجود ہونے خبر متواتر کے ہمارے غیر
کو بھی ایسا علم جازم حاصل ہوتا ہے جسکے پاس تک آ نہین سکتا پھر مین کہتا ہون کہ سب اہل اسلام
سراسر اور سربسر جیسے کہ اس صادر ہونے اور جاری ہونے پر قرآن مجید کے رسول اللہ صلعم کی زبان
سے متفق ہین ایسے ہی متفق ہین اوپر صادر ہونے معجزہ کے فی الجملہ اور اون دونون باتون کے
قائل بدون تفاوت اور فرق درمیان ان دونون کے یعنی اہل اسلام سراسر اور سربسر جیسے کہ
متفق ہین اس امر پر کہ بیشک قرآن مجید خدا کا کلام رسول اللہ صلعم کی زبان سے صادر ہوا ویسا
ہی بے تفاوت اور بلا فرق بالاتفاق قائل ہین کہ رسول اللہ صلعم سے معجزے صادر ہوئے فی الجملہ
یعنی قرآن مجید اور دوسرے معجزے مخفی نرہے کہ فی الجملہ سے مراد یہہ ہے کہ سوائے قرآن مجید کے
باقی معجزون کے باب مین جم غفیر کا اتفاق اگرچہ کسی خاص معجزہ کی نسبت اتفاق نہو مگر اصل صدور
معجزات مین متفق ہین کہ بیشک و بیگمان حضرت خاتم الانبیاء صلعم سے معجزے صادر ہوئے ۔ پس جب
حاصل ہوا علم جازم اونکی پہلی خبر یعنی صدور اور جریان کلام ایزدی جلشانہ کی پس کوئی ایسی وجہ
نہین کہ جس سے اونکی اخیر خبر یعنی قرآن شریف کے معجزہ ہونیکا علم جازم حاصل نہو کسواسطے کہ ایک
خبر متواتر کو تصدیق کرنا اور دوسری متواتر خبر کو نہ ماننا اور اوس سے علم جازم نہونا ترجیح بلا مرجح
ہے اسواسطے کہ دونون خبرونین کچھہ بھی تو تفاوت نہین ہان ہمارے غیر کا ذہن اور فکر اگر شبہون
سے بھرا ہوا ہو تو اوسکو لازم ہے تخلیہ یعنی اپنے ذہن کو شبہون سے چھڑانا اور وہمون اور حسد او
عناد سے پاک رکھنا ۔ مترجم کہتا ہے کہ مصنف صاحب رح کا استدلال یعنی برہان اور حجت لانا بمراد
ثابت کرنے معجزے قرآنی کے بسبب خبر متواتر لفظاً اور معنی کے بلحاظ اور بہ نسبت اون لوگون کے
ہے جو فن بلاغت سے آگاہ نہین اور نہین تو فن بلاغت کے کامل ماہر خود بے وساطت خبر متواتر کے
مقتضیات بلاغت کے مراعات سے جو اس آسمانی کتاب مین غایت درجہ پر ہے ایسے کہ انسان کی عقل
اوسکے تمام اور کمال کے جان لینے سے عاجز اور درماندہ ہے اور نیز کلمات کی نظر سے کہ ہر ایک کلمہ اوسکا
اسرار مخفیہ پر مشتمل ہے جو تھوڑے سے تامل اور فکر سے خود کھلجاتا ہے پس انکے نزدیک بوسیلہ کمال بلاغت
کے جب اس مقدس کتاب کا معجز ہونا خود ظاہر اور موجود ہے درینصورت ایسے کاملونکو اگر انصاف
کا راستہ نہ بھولین خبر کیطرف خواہ متواتر ہو خواہ خبر آحاد کیا حاجت ہے خود مشہور ہے عیان را چہ بیان

اوران کاملون کے سواوے ارباب فہم اوراصحاب خرد جو رسالت کے مقاصد عالیہ اور مآرب
کلیہ سے بخوبی آگاہ ہین یعنی جانتے ہین کہ رسالت سے مقصد یہی ہوتا ہے کہ ایک پاکیزہ نفس کامل
انسان اللہ تعالے کی جناب سے ایک امت کی یا سب استون کی تعلیم کے واسطے مقرر اور برگزیدہ
ہوکر آوے اور اونکو یعنی مبعوث فیہم کو بری خوئون اور ناپاک عادتون سے اور بد معاملون
سے پاک صاف کرے اچھے اخلاق سے مہذب ہونا اور حسن معاملات کام مین لانا اور گناہ اور شرک
اور کفر اور فسق و فجور سے بچکر اچھے عقیدے اور نیک خصلتین سیکھنا اور کام مین لانا اور دنیا اور
اوسکے زخارف سے کراہیت کرنا اور آخرت کی رغبت رکھنا اور اللہ سبحانہ وتعالے کیطرف متوجہ
ہونا اور اسکے سوا ایسی ایسی باتین اور ایسے ایسے کام تعلیم کرے کہ جس سے دنیا مین بآرام نیکنام اور
آخرت مین بہشت کی نعمتون اور ابدی حیات سے شادکام رہین اور کبھی اونکو غم اور ملال اور
موت سے رنج اور دکھہ نہ پہونچے پس یہہ مقاصد عالیہ کئی کئی آیتون قرآنین بلکہ بعضی جگہہ صرف ایک
آیت مین ایسی خوبی سے بیان ہوے ہین کہ جس سے نیک سمجھہ باانصاف آدمی جسکا دل تعصب کی
کدورت سے پاک صاف ہو بالیقین جان سکتا ہے کہ بیشک یہہ خداوندی وحی دائمی معجزہ ہے انسان
کی قدرت اور طاقت سے بالکل باہر چنانکہ مین مترجم اس رسالہ کے ختم ہونیکے بعد ضمیمہ اور ملحقہ کے
کئی آیتون کی تفسیر سے یہہ بات اظہر من الشمس آنکھون والون کو دکھادونگا انشاء اللہ تعالے پس
کامل عقلون اور روشن طبیعتون کو اسکے اعجاز کے دریافت کرنے مین خبرون متواترہ اور خبرون آحاد
کیطرف ہرگز ہرگز احتیاج نہین اور سوا اسکے ارباب معارف نے بفحوائے اس حدیث کے کہ ہر آیتہ قرآن
کیواسطے بطن اور ظہر ہے یعنی سوائے معانی ظاہری کے ان ہی کلمات مین معرفت اور حقیقت کے
اسرار ایسے چھپے ہوئے ہین کہ جس سے راہ خدا کا طالب کامل عارف بن سکتا ہے ظاہر کلام تو ہمکو شرایع اور
نوامیس اور عبادتون جسمانی کا راستہ بتاتا ہے اور باطن اوسکا وہ اسرار اور غوامض تعلیم کرتا
ہے کہ جس سے عقل کو روشنی اور روح کو خوشی حاصل ہوکر اس جہان ناپائدار کی ہوسون اور خواہشون
سے چھوڑکر اللہ تعالے کیطرف کھینچتا ہے چنانکہ تفسیر عارف کامل حضرت محی الدین بن العربی رح مین
صاف موجود ہے اور سوا اسکے اور تفسیرین اہل معارف کی اس مطلب کے کفیل اور قرآن مجید کے
دائمی اور ظاہر معجزہ ہونیکی دلیل ہین اور جب اس قسم کی تفسیرین مطالعہ مین آتی ہین تو بیشک

اس مشہور بیت فارسی کا مصداق یہی مقدس کلام سمجھہ مین آتا ہے شاعر رحمہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے
بہار عارض حسنش دل وجان تازہ میدارد ؛ برنگ اصحاب صورت را ببوار باب معنی را یہی قرآن
مجید یعنی رنگ ظاہری کلام سے ارباب شرائع کو تعلیمات قدسیہ سے سرور ابدی اور حیات دائمی بخشتا
ہے اور بو سے جو اسی رنگ کے ساتہہ ہے نفس ناطقہ کو معرفت کی لذت مین غرق کرکے زندگانی
جاویدی عطا کرتا ہے حاصل کلام حضرت مؤلف رسالہ کا لفظ فی الجملہ سے یہہ ہے کہ وجوہ اعجاز اور
دلائل معجزیت کی متعدد ولیکن نفس معجزیت اور اصل اعجاز واسطے خاص وعام کے بخبر متواتر لفظی
اور معنوی ثابت اور متحقق اور سب کاملون اہل اسلام بلکہ عموماً مسلمانونکا متفق علیہ ہے یہہ تہوڑا
سا کلام قلم سے بے خواستہ ٹپک پڑا اور یہ احباب کیا گیا کہ اس ترجمہ کے دیکہنے والون کو اس سے فائدہ
پہونچے بعون اللہ تعالے وہو المستعان عربی اما الخبر المتواتر معنی فنقول ان المعجزات الکثیرة
التی ضبطها الاصحاب باسنادها المختلفة اربعة آلاف واربع مائة واربعون والتی
منضبط باسناد متعددة کادان یبلغ اسناد بعضها حد التواتر فحصل من تلک الاخبار
المختلفة العلم بالقدر المشترک منها وهو کون هذا الشخص ذا معجزة فی الجملة وذلک
کاف فی ثبوت بنبوة وان لم یعلم خصوص المعجزة اذ لا دخل للخصوصیة فی اثباتها لان الجزم
بالمعجزة اذا انضم بدعوی النبوة جزماً یتم ثبوت النبوة وان لم یعلم خصوص المعجزة وبالجملة
لا یفید الخبر بما هو خبر شیئاً من العلم الا اذا کان محفوفاً بالقرینة او کان متواتراً لفظاً او معنی
والجمیع متفق فی الاخبار معجزات هذا النبی واذا احتمل عدم افادة العلم من خصوص کل من
الثلثة فعلیک بانضمام الثلثة بعضها الی بعض فانه یفید العلم جزماً فارسی اما خبر متواتر معنی
پس میگوئیم کہ معجزات وکرامات یعنی خارق عاداتیکہ از حضرت خاتم الانبیا صلعم در معرض تحدی و
معارضہ بہویدائی رسید وآنرا معجزہ نام افتاد کہ عاجز کرد وزبون کرد متحدیانرا وخارق عادات
دیگر کہ در غیر معرض معارضہ ومقام تحدی بہ پیدائی در آمدہ وآنرا بنام کرامات تعبیر رفت چار ہزار
وچارصد وچہل اند آن قدر بہ کہ اصحاب تدوین باسناد مختلفہ در حیز ضبط آوردہ اند وہناد
بیشتری ازینہا قریب ست کہ بحد تواتر رسد پس ازین اخبار مختلفہ قدر مشترک فیہ یعنی انچہ کہ ہمہ معجزات
در آن مشترک اند صاحب معجزہ بودن این شخص یعنی رسول خدا سید الانبیا صلعم ست پس باین قدر

مشترک فیه علم جازم حاصل میشود هر چند خصوص معجزه دانسته نگردد از بهر آنکه خصوصیت را در معجزیت معجزه
دخلی نیست که تا آن ثابت شود از بهر آن که علم جازم بصدور معجزه هرگاه با دعوی نبوت منضم و مقرون
شود ثبوت نبوت را مثمر و منتج میگردد هر چند خصوص معجزه دریافته نگردد و بالجمله نفس خبر ازین حیثیت
که خبر ست مفید علم بچیزی نمیشود و علم جازم حاصل نمیشود صرف از نفس خبر مگر وقتیکه آن خبر محفوف و مشتمل
بود بر قرینه مصدقه یا آن خبر متواتر بود خواه متواتر لفظاً و معنی یا صرف متواتر معنی و این هر سه موثقات
متحقق اند در اخبار معجزات این نبی صلعم یعنی لختی را قرینه مصدقه با خبر پیوندیده علم جازم می بخشد و لختی
دیگر را تواتر لفظی و برخی دیگر را تواتر معنی آنچنانکه اندکی پیش ازین برگزارده آمد و هرگاه احتمال فائده
ندادن هر یکے ازین ثلثه مذکوره بجداگانگی و انفراده بدل رسد پس لازم گیر همه سه را به پیوند دادن
با همدگر و یکجا کردن یکے با دیگری تا افاده کند علم جازم را **اردو** لیکن خبر متواتر معنیٰ پس مین کہتا ہون
کہ تحقیق معجزے اور کرامتین کہ جنکو اصحاب نے مختلفہ سندون سے جمع کیا ہے چار ہزار چار سو چالیس
ہین اور اکثر ان معجزون اور کرامتونمین سے متعدد سندون سے منضبط ہین ایسے کہ قریب ہے کہ
بعضونکی سندین تواتر کی حد تک پہونچ جاوین پس ایسی مختلف خبرون سے ایک قدر مشترک کی نسبت علم
جازم حاصل ہوجاوے اور قدر مشترک عبارت ہے ایک ایسے امر سے جو ساری خبرونکا حاصل مقصود
ہو جیسے اس جگہہ صاحب معجزہ ہونا ان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فی الجملہ اور یہی امر کافی ہوتا ہے نبوت
کے ثابت ہوجانیکے باب مین اگرچہ خصوص معجزہ نجانا جاوے اسواسطے کہ معجزہ کی معجزیت مین خصوصیت
کو تو دخل ہی نہین یعنی کسی قسم اور کسی فن سے ہو مگر دوسرے آدمی سوائے مدعی نبوت کے وہ کام
لا نہ سکین اوسکی مانند لانے سے سب عاجز ہون جیسے کہ اس سے پہلے ذکر کیا گیا اسواسطے کہ معجزے
کے علم جازم کے ساتھہ جب نبوت کا دعوی ملجاوے تو نبوت کے ثابت ہوجانیکا پھل دیتا ہے اگرچہ
بالخصوصیت وہ معجزہ جانا نجاوے اور بالجملہ خبر اس حیثیت سے کہ خبر ہے علم بالجزم کے مفید نہین ہوتی
مگر اوسوقت کہ قرینہ مصدقہ پر مشتمل ہو یا متواتر ہو لفظاً اور معنی اور یہہ سب متحقق ہین معجزونکی خبرون
کے جو ان نبی صلعم کے معجزون سے دی گئین اور جب احتمال ہو علم جازم کے حاصل نہونے کا ہر واحد
سے ان تینون مین سے تو لازم ہے ان تینون کو جمع کرلینا یعنی ایک کو ساتھہ دوسرے کے ایک جگہہ کرلینا
تاکہ ان تینون کے مجموعے سے علم بالجزم حاصل ہو **عربی** وهذا بخلاف معجزات سائر الانبیاء فان

اخبار معجزات النبی صلی اللہ علیہ وسلم فانما تلوح محفوفا بالقرینة لاغیر فانظر ایها العاقل بعین الانصاف اذ
لا یبقی لک علی اللہ حجة بل قد تم حجة اللہ علیک فی امر نبوة هذا النبی فانک اذا اردت
النظر فی اصل المعجزة فعلیک بالنظر الی القرآن العظیم کما بینا اعجازه الی یوم القیامة واذا
اردت النظر الی امثال سائر المعجزات فعلیک بالنظر الی کتب الاصحاب المدونة لبیان
المعجزات فان احتمال الهزل والهذیان لا یتصور بهذا المقدار خصوصاً عن الاعلام وعلیک
بتحصیل الیقین من الیقینین والنظر الی الاخبار معجزات سائر الانبیاء اذ لیس فیها الا بعض
الحکایات فربما لا یفید ظنا فضلاً عن العلم فکیف یترک العاقل الیقین بالتلک **فارسی** واین
بخلاف معجزات همه پیغمبران پیشین روزگارست پس هر آئینه معجزات آنان اگر تسلیم هم کرده شوند بیش ازین
نیست که آن معجزات صرف مشتمل بر قرآن مصدقه خواهند بود نه جز آن یعنی نه باخبار متواتره لفظاً ونی
متواتره معنی پس بنگرای هشیمند بدیدهٔ انصاف وچشم دادپسند تا باقی نماند ترا بر خدا تعالی حجتی بلکه
حجت خداوندی بر تو تمام شد در بارهٔ ثبوت نبوت این نبی صلعم پس هرگاه خواسته باشی دیده کشادن
سوی معجزات پس بر تو ناگزیرست نگریستن سوی قرآن مجید آنچنانکه بیان کردیم معجزه بودن وفرجود
برگشودن آن تا یوم الجزا رستاخیز روز وهرگاه اراده کنی نگریستن سوی همه معجزات دیگر یعنی
معجزاتی که سوای قرآن مجید هم از آن سید المرسلین صلعم بهویدائی رسیده پس بر خود گیر خواندن
کتب اصحاب پس هر آئینه احتمال هزل وهذیان یعنی باین اندازه هرزه گفتاری کردن وشوریده
سری گفتار کشادن باین اندازه تبصور نمی گنجد خصوصاً از ناموران وفرازین رتبتان پس لازم گیر
بیک یقین از دو یقین یعنی یک یقین معجزات رسول اللہ صلعم که در کتب مصنفه مشهوران بالصدق
وناموران گرامی پایه شناختگان باسمار وانساب خودشان با همه تصریح بقید از منه واستنا وناموران
دیگر از اکابر دین اسلام مذکور اند ویقین ثانی بعکس ونقیض یقین اول پس ازین دو یقین هر یقینی را
که خواسته باشی بر گیر ونظر بگشا سوی اخبار معجزات همه پیغمبران دیگر که نبوده است در آن جز حکایات
که بسا هنگام مفید ظن هم نمیشوند حصول علم جازم خود فراز تر وافزودن ترا زانست یعنی هرگاه چنین
افسانها افاده ظن که فرود ترین پایهٔ علم باشد نمیکنند علم جازم که در رتبهٔ قصوی ودرجهٔ علیاست
خود چه سان حاصل شود پس مرد خردمند هشیوار دل چگونه رها کند یقین را بشک وگمان مترجم گوید که

قول حضرت مصنف رسالہ رح فان اخبار معجزاتہم بوسلم را معنی چنین خیزد کہ اول کتب انبیاء پیشین کہ احبار
نصاری بتراجم السنہ متعددہ چون عربی و فارسی و اردو و از عبرانی زبان ترجمہ کردہ باشاعت آن
در ممالک ہند در بذل جہد قصوری نکردہ اند و آن ہمہ را بائیبل نام گزارند ازین روکہ نام مدونان اصل
صحف و زمان تدوین آن بوجہ من الوجوہ معلوم نیست بلکہ جابجا از کتب عہد عتیق بفہم می درآید کہ تدوین
و تالیف آن صحف پس از مرور اعصار ممتدہ و انقراض ازمنہ طویلہ صورت بست نظر برین قابلیت آن
ندارند کہ تسلیم کردہ شوند از ہر آنکہ اگر بہ حکایات و سراسر افسانہ ہا صرف بہمین نظر کہ در کتابی مرقوم ہست
ہرچند نام مصنف و زمان تصنیف ہم قطع نظر از استاد دریافتہ نگردد قابل قبول و واجب التسلیم داشتہ
شوند افسانہا سے مندرجہ کتاب قصۂ حاتم طائی و افسانہ امیر حمزہ و الف لیلہ و بوستان خیال را
ہمہ راست و سراسر بہ بیدائی کشیدہ و بوقوع درآمدہ بی کاست ندانستن از چہ رو بود بلکہ ترجیح بلا
مرجح آید چون ہر دو در مجہول الحال و نامعلوم الاسم بودن مدونان و دانستہ نشدن تطبیق حکایات
باصل حال محکی عنہ برابر اند و برین تقدیر بائیبل را کہ در میزان نامعتبری باکتب افسانہ مذکورہ ہمپلہ
تساوی اند پذیرفتن و واجب الاذعان دانستن و مذکورہ کتب افسانہا را باور نکردن برچہ بنا بود
پس یا ہر دو را بتصدیق و اذعان برسنجد و یا ہر دو را از پایۂ اعتبار براندازند درینصورت بکتب
سیر اسلامیہ کہ مدونان مشہورین بالصدق والعدالۃ باسناد موثقہ و اعتماد کامل نگارش مستند و
ضعف راوی یا قوت آن آشکارا برگزاردند و علاوہ برین بزرگان دیگران مندرجات را تنقید کردند
و سرہ از ناسرہ کہ سہواً از مدونان کتب بہ تحریر درآمدہ باشد جدا نمودند باظہار ضعف یا موضوع بودن
آن روایت آنچنان کہ از کتب احادیث و صحف سیر نگرندگان با انصاف این معنی آشکارا تر میکشاید
پس برین معتمدات و مستندات بہ تنقید رسیدہ دیدہ ناکشادن و از مندرجات آن چشم بربستہ معجزات
سرور پیغمبران را مشکوک فیہا گمان بردن و ہمچنین رشتہ پندار و باطل وہم بگرداب انکار رسالت
و جحود نبوت آنحضرت خاتم الانبیاء صلعم افتادن و خود را بدریای مرگ خیز ابدی شقاوت غرق
کردن راست اندیشی را خواستہ بنودہ است ایزد تعالی ہمہ را دیدہ راست بین عطا کند کہ رہ
بجای برند اللہم آمین اردو اور یہہ یعنی رسول اللہ صلعم کے معجزے دوسرے پیغمبرون کے
معجزون کے برخلاف ہین اسواسطے کہ بالتحقیق اگر انکے معجزونکی خبرین تسلیم بھی کریجاوین پس

سوا اسکے نہین کہ یہہ خبرین صرف مشتمل ہونگی اوپر قرینہ کے یعنی اعتبار کرنا ایسی خبرونکا صرف اسی
وجہ سے ہوگا کہ ایک قرینہ سچ ہونے کا موجود ہے اور بس یعنی نہ اخبار متواتر لفظاً نہ متواتر معنیً
پس اے ہوشیار دانشمند انصاف کی آنکہہ سے دیکہہ تا کہ تیری حجت اللہ سبحانہ وتعالے پر باقی نرہی
بلکہ اللہ سبحانہ وتعالے کی حجت ان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ثبوت نبوت کے باب مین تجہپر تمام
ہوگئی پس اگر اصل معجزہ کو دیکہنا چاہے تو قرآن مجید کو دیکہہ لے جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے کہ اوسکی
معجزیت قیامت تک باقی ہے اور جو اوسکے سوا دوسرے معجزے آنحضرت صلعم کے دیکہنا اور دریافت
کرنا چاہے تو کتابین اصحاب تصنیف کے جو معجزات کے بیان مین موجود ہین دیکہہ لے کہ بیہودہ
گوئی اور بیکار باتین بنانے کا احتمال نہین خصوصاً ایسے نامور عالمون سے پہر تجہپر لازم ہے دو
یقینون مین سے ایک یقین یعنی یا تو یقین سچ کا یا جہوٹ کا اور پہر نظر کرنا طرف خبرون معجزون
اور دوسرے پیغمبرون علیہم السلام کے اسواسطے کہ اون خبرون مین سوای حکایتون کے اور کچہہ
نہین پس اکثر اوقات ایسی حکایتین ظن اور گمان کی بہی مفید نہین یقین اور علم جزمی تو اس سے
بڑہ کر ہے پس عقلمند آدمی کیونکر چہوڑ سکتا ہے یقین کو ساتہہ شک کے مترجم کہتا ہے کہ مصنف رحمہ
کا یہہ قول فان اخبار معجزاتہم لو سلم کے معنی یہہ ہین کہ کتابین معجزون اگلے پیغمبرون کی جنکو مسیحی
عالمون نے بہت کوشش اور اپنے زعم مین کمال تصحیح کے ساتہہ عربی اور فارسی اور اردو زبان
مین ترجمہ کیا اور سارے ہندوستان مین پہلائی ہین قبول کرنے اور مان لینے کے قابل ہرگز
نہین کسواسطے کہ اصل کتابون کے جنکے یہہ ترجمے ہین مصنفون کے نام بہی مذکور نہین کہ کس نے
اور کس زمانے مین تصنیف فرمائین بلکہ توریت کے ملحقات سے بہی سمجہا جاتا ہے کہ حضرت موسی کے
زمانے کے بعد جب مدتین گذر گئین یہانتک کہ کوئی آدمی اونکے مقبرہ کا بہی نشان نہ دے سکا تالیفان
ہوئین اور ایسے ہی اناجیل اس صورت مین ان کتابونکو ایسے مجہول مصنفون اور نامعلوم زمانو
کی تصنیف کی ہوئین کو کیونکر مان لین خود انصاف فرمائین اس صورت مین ایسی معتبر کتابین قبول
اور تسلیم کے لایق ہین جنکے مصنف علم اور زہد اور تقوی اور دینداری اور خداشناسی مین
مشہور ہون اور اونہون نے معتبر سندون سے راوی اول تک یہہ سلسلہ پہونچایا ہو اور
پہر تصنیف اور تالیف کے بعد دوسرے نامور عالمون پرہیزگارون نے انکے مندرجات کو کمال

دقت اور غایت تحقیق اور انصاف سے پرکھہ کر جس روایت کا کوئی راوی ضعیف پایا ہوا وسکی
روایت کو ضعیف کہدیا ہو اور جس روایت کا پتہ نپایا ہو یا اپنے اون قاعدون اور قانون سے
جو واسطے پرکھنے کہوٹے کہرے حدیثون اور محقق اور مشتبہہ روایتون کے ٹھرائی ہین برخلاف پایا
اوسکے باب مین بیان کردیا کہ یہہ موضوع ہے یعنی بنائی ہوئی ہے اب دیکھنا چاہیے کہ مصنف اور
مدون ایسی کتابون کے کیسے سچے اور کیسے نامور ہین پہر مین کہتا ہون کہ نظر بکمال تحقیق علماے اسلامی
نے ایک فن خاص ایجاد کیا یعنی اسماء الرجال کہ جسمین راویون کے نام اور القاب اور راوون کے
سارے حال کہ مضبوط حافظے والے تھے یا کبھی سہو مین پڑجاتے تھے مذکور ہین یہانتک کہ جب کسی راوی
کو دریافت کیا کہ یہہ راوی کسی حدیث کو اپنے پاس لکھکر کہتا تہا تو اسخیال سے کہ شاید اسکے حافظہ مین
ضعف ہوگا اوسکی روایت کو ضعیف سمجھا اور اسکے سوا جب تک کسی روایت کو دوسرے راویون
کی روایتون سے مضبوط نکرلیا نمانا اب دیکھنا چاہیے اہل اسلام کی احتیاط اور کمال کوشش کو
بنا برعلیہ ایسی معتبر کتابونکی نسبت یقین نہ لانا اور انکے مندرجونکو مشتبہہ اور مشکوک گمان کرنا بلکہ
بے دلیل اور بے حجت انکار کرنا کونسے انصاف کا مقتضا ہے اور کونسی ٹہیک سمجھہ کا نتیجہ ہے
انصاف تو یہہ ہے کہ مجہول مصنفون کی کتابون کو چہوڑ دین اور جو صرف اسی بہروسے پر کہ
اگلے زمانون کی کتابین ہین ہر چند انکی تصنیف کا زمانہ محض مجہول ہو اور مصنفونکا حال تو برکنار
نام بھی معلوم نہو انکے مندرجات کو یقین کے قابل سمجھنا چاہیے تو مین کہتا ہون کہ اس لحاظ اور
ایسی سمجھہ سے جتنی کہانیان کہ حاتم طائی اور امیر حمزہ اور بوستان خیال اور الف لیلہ و کلیلہ و دمنہ اور
انکے سوا جسقدر کہ ہندوون نے دہڑنگی بنائے ہین جو نکہ قصون اور کہانیونکی کتابون مین موجود
ہین بے شک واجب التسلیم اور ضروری الیقین ہوسکتے ہین اور نہین تو ان دونون قسم کی کتابون
مین سے جنکے مضمونون مندرجہ کے مطالب ساتہہ اصل حال اور نفس الامر اور واقع کی صاف اور
سچی دلیلون سے پائی بجاوے ایک قسم یعنی کہانیونکی کتابونکو تو صرف ایک گپ اور گپ سمجھنا اور
دوسری بعینہ ایسی کتابونکو جنکا بیشک اور بے گمان ایسا ہی حال ہو الہامی کتابین کہنا اور اونکے
مندرجات کو سر بسر سچا ماننا اور شک اور شبہہ کو اون سے دور سمجھنا کس ہوشیاری اور عاقبت
اندیشی اور دینداری کا ثمرہ ہے اللہ سبحانہ وتعالے اسکو درست فہم اور نیک سمجھہ بخشے اور سیدہا

رستہ دکھلاوے آمین **عربی** فالحمد لله الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا الله
فارسی پس ہمہ ستایش مر خدائرا کہ راہ راست بنمود مارا بسوی این و ننمودیم ما کہ راہ یابیم بسوے
آن اگر مارا راہ ننمودی او تعالے جلشانہ **اردو** پس سب تعریفین ہین ایسے خدا تعالے کو جس نے
ہمین سیدہا رستہ دکھایا طرف اسکے اور ہم نتھے کہ سیدہا رستہ پاوین اگر اللہ تعالے ہمکو سیدہا
رستہ نہ بتاتا **عربی** ھذا اما اوردنا ایرادہ طلبا للاختصار اذ فیه الکفایة لاھل الانصاف
ومن اراد الاطلاع علے تفصیل الادلة فیھا فعلیه بمطالعة مطولات الاصحاب **فارسی** این ست
انچہ کہ ما آوردنش درین نامہ درخواستیم بہ پژوہش و جستجوی کوتاہ گفتاری از بہر آنیکہ بسندست
داد پسندانرا و ہرکس کہ آگہش خواستار بود کہ رہبرہا و فرنودہا را برکشادہ و برنگاشتہ دریابد پس
برخود گیرد نگاہ کشادن بر درازیدہ نامہاے دیگر اصحاب یعنی دیگر نامہ ہاے کہ در آن رہبرہای
مبین پیغمبری حضرت خاتم الانبیاء صلعم بدلائلے کہ خرد پسند دوم دو دیدہ در با انصاف بر دل خود دشوار
نگار بند و تا آشکاراترین بہ گذارش برسردہ و ہویدائی ہمہ برکشادہ و وانمودہ اند بنگرد کہ بشیدہ
تر و آشکارا بیش آگہش آرد آنگاہ اگر یزدانی خواست بر راہ یافتن اش روائی یافتہ باشد ہمانا
براہ آید و بہ ہنجار کج گام فرسا نشود پس آنگاہ بگشاید و را انچہ بگشاید و یزدان والاست بر ہمہ کار
توانا و بہ پنہان شدہ رازہا دانا و بسوی اوست بازگردیدن ہمہ ہستی و ران از فرازین و
فرودین جہان وادست یگانہ خدای ہستی و آفرینش آرندہ فرازی و پستی میکند ہرچہ میخواہد
وحی بخشد ہر گرامی خواہد مترجم گوید یزدانش بیامرزاد بر دانش پژوہان با خرد کہ دانش در گوہر
و طبعی با ہنر دارند بہ پنہانی نماناد کہ این گزیدہ نامہ خردی گفتاریست گفتار آرا بر سزیدہ نگاریستہ
دانش راہ رہا برکشا نو سیرہ گران را کہ مناظران باشند آموزگاری سوے راستہ ہنجار الزام
خصم را رہنما کہ در اثبات نبوت و ہویدا کردن سروری رسالت حضرت فرازین رتبت ؐ سرور
مرسلان پاک گہر ✣ جز خداوند از ہمہ برتر ✣ اولین نقش خامہ ہستی ✣ سر آغاز نامہ ہستی ✣ مصطفے
برگزیدہ یزدان ✣ کہبد گنجہاے راز نہان ✣ پاک گفتار پاک تر کردار ✣ برگزین کردہ جہان دادار ✣
پاک گوہر محمدؐ عربی ✣ مکی و ہاشمی و مطلبی ✣ مکہ از مقدمش فروزان ہور ✣ طیبہ از مرقدش درخشان نور ✣
از خدایش درود جاویدان ✣ تا جہانست و ہست و بود جہان ✣ والا دانشی خرد گستر فرزانہ تابان

گوہر گفتار آرای دانش نگار ہنر سرمایہ برکشادہ گفتار کہ خدای جہانش گزیدہ مزدار زانش فرماید راز پاک مینو در ہا بر رخش برکشاید نگارش بست سخن بفرزانگی برکشادہ یزدانش پژوہان دانش و براستی خواستاران بر فروزیدہ کنش منتی نہادہ داد گفتار آرای دادہ خوش بیانی را در ہا برکشادہ ہر بر سرودہ اش شایستگی آن دارد کہ خرد پژوہان بر دل نگارش بندند و فرزانگان دانش کارنامہ خردش پسند ندمانا ژرف اشارات در حجاب عبارات پنہان داشتہ و شگرف اسرار را ہویدا اگر دانش سر برافراشتہ باز کشادن بر بستہ ہایش بے آنکہ راز دان یابی نہفتہ راز ہا بر کشا کشایندہ اش گردد لختی بد شواری بودہ بنا برین خرد کشای پردہ از روی اسرار آن برنگشودہ انیک کہ ایزدی توفیق بکارم بود بفرزانان والا سروری کہ نام نامی اش در روگاہ ہمین ترجمہ برنگاشتم برکشادہ ترجمہ را بافزایش انچہ در ہنگام نگارستن ترجمہ بر دلم ریخت ہویدا کنی لختی از راز ہا بر شمردم و زود ابہ پیش آمد ناگزیری کارہا آغاز تن بپایان بردم اگرچہ دل میخواست کہ زنجیرۂ گفتار در باز کشاد مقصود لختی بیش ازین برکشیدہ آید اما موانع و عوائقی کہ باز کشا دنش را ہنگام نیست ازین کارم باز داشت اکنون اگر خواستہ توانا خداوند دانا خداست رسالہ دیگر کہ بضمیمہ و ملحقہ اش نام برگزارم برکشادہ تر برنگارم کہ یادگار بماند دانش خداوند انش خوش کنند خرد خدیو انش پسند ندیزدان کارساز برین ستودہ کارم بخشیدہ مزدار زانش فرماید و کلید آسمانی فیض در ہاے بستہ کاریم برکشاید ہمچنین باد ببرکت حضرت سید المرسلین مصداق وما ارسلناك الا رحمة للعالمين اللهم صل عليه وعلى آله وصحبه اجمعين وسلم الى يوم الدين وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمين والعاقبة للمتقين اُردو اور یہ ہے جسکا ہم نے ارادہ کیا تہا بمراد مختصر لانے کے اسواسطے کہ اسیقدر بیان مین کفایت ہے انصاف والونکو اور جو کوئی ارادہ رکہتا ہو مطلع ہونیکا تفصیلی دلیلون سے پس وہ شخص لازم پکڑے اپنے اوپر مطالعہ کرنا بڑی بڑی لمبی چوڑی کتابون کا جو اصحاب تصنیف یعنی اہل اسلام کے زبردست پرہیزگار عالمون نے ایسے بیانون مین تصنیف کی ہین اور اون کتابونین ایسی پاک وصاف عقلی اور نقلی دلیلین لائے ہین کہ جنکو عقل پسند کرتی ہے اور اونکو دالا ٹہیک سمجہ اس پاک دین مضبوط شریعت کی سچائی اپنے دل اور سر کی آنکہو نسے

آفتاب سے زیادہ روشن دیکھ لے امید ہے کہ سچے دین کے مطالب اور رسید بارستہ ڈہونڈہنے والے سمجھدار بے تعصب کو اون کتابون کا مطالعہ کرنا اللہ کا سچا بندہ بنا سکتا ہے اگر خداوند تعالے جلشانہ نے اوسکی ہدایت چاہی ہو اسواسطے کہ اوسی قادر مطلق یگانہ برحق کی قدرت کے ہاتھہ مین سب کام اور اوسکے ارادت ازلی کے بغیر کوئی کام ظہور مین نہین آتا وہی ہے سبکا مالک اور وہی ہے اکیلا خدا کوئی اوسکا شریک نہین اور محمد رسول اللہ اوسکے پیغمبر ہین برگزیدہ درود بہیجو اونپر اور سلام۔ اب اہل دانش ارباب دین کی خدمت مین مترجم خاکسار گنہگار عرض کرتا ہے کہ یہہ مختصر رسالہ جسکا مین نے ترجمہ کیا اگرچہ دیکھنے مین بہت مختصر ہے جو نو ورقون سے زیادہ نہین مصنف کامل عالم عدیم المثیل فاضل مفقود البدیل رحمہ اللہ تعالے نے جو مناظرہ کے فن مین باکمال ہین اور رشاقت عبارت اور ادای معانی اور بیان مین اونکو ایک ملکۂ بدیع حاصل ہے اس ایک کوزہ مین مطالب عالیہ کے دریا بہر دئے ہین ۔ سبحان اللہ یہہ بہی ایک ظاہر سچا نشان ہے دین اسلامی کی سچائی کا اور سب دینو نپر زبردست اور غالب ہونے کا اس تصریح سے کہ جس دین مین ایک ایک عالم ایسے ایسے رسالے مختصر تصنیف کرکے دین کے مخالفون کو کہلا ہوا الزام دیکر بیہودہ اور بے صرفہ گفتگو کرنے سے بستہ زبان اور بردوختہ لب اور بالکل مبہوت کردئے اور سچے دین دارون کو صاف دکہلاوے کہ اسلامی شریعت کیسی سچی ہے جسکے سارے قانون اور سب باتین بکی سمجھ والونکو دین اور دنیا کی خوبیون سے آگاہ کرتی ہے اور دونون جہان کی خوبیان بخشتی ہین اور حقیقت مین یہہ رسالہ ایک معجزہ ہے حضرت خاتم الانبیاء سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کہ جنکی شریعت کے عالم معجزہ کے بیان کرنے مین معجزہ دکہاتے ہین اپنی خوش بیانی اور عقلی دلیلون کے لانے سے بیشک اور بے گمان مصنف صاحب رحمہ اللہ تعالے نے کرامت کی ہے مگر انکی سحر بیانی زیادہ اوسوقت کہلی کہ جب اس رسالہ کی شرح بہت تفصیل اور توضیح سے لکھی جاوے اسواسطے اگرچہ دل چاہتا تہا کہ ہر عبارت کے تحت مین مطالب عالیہ بیان کئے جاوین مگر مختصر ترجمہ کی کفالت جو مجھہ مترجم ہیچمدان خاکسار نے کی تہی اوسمین اختصار کلام مطمح نظر تہا اسواسطے اب بارادت الٰہی جلشانہ اسی طرز خاص سے یعنی اول عربی عبارت اور اوسکے تحت مین فارسی ترجمہ اور اس ترجمہ کے تحت مین اردو ترجمہ ایک جداگانہ رسالہ لکھونگا اور اس نو تالیف جداگانہ رسالہ کا نام ضمیمہ یا ملحقہ

رکھونگا انشاءالله تعالے اور اس رسالہ مین بیان کرونگا کہ بعثت حضرت رسول اللہ صلعم سے پہلے
شرک اور کفر اور قبیح رسمون اور غایت فسق اور فجور نے روی زمین کے ملکون کو جنکا حال معلوم ہے
گھیر لیا تھا خداے مہربان نے اپنے بندون کی ہدایت کیواسطے خاتم الانبیا بھیجا جسنے توحید اور
تمجید الٰہی جلشانہ پھیلائے اور کفر اور شرک اور ناپاک رسمون شیطانی کاموںکو بالکل مٹا دیا اور ان
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو خود مکمل تھے اپنے اصحاب اخیار اور اپنے آل پاک اور اپنے سارے
پیرونکو کامل بنا دیا اسواسطے اس رسالہ مین جسکی تالیف کا باعتماد توفیق اور اعانت الٰہی جلشانہ
کے وعدہ کرتا ہون اول اوسوقت کے گروہون کی ضلالت اور گمراہی تاریخی کتابون سے ذکر کرکے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضائل عالیہ اور مکارم اخلاق جس سے اونکا خاتم الانبیاء سید المرسلین
ہونا مدلل اور مبرہن سبکو معلوم ہوجاوے اور اونکے سرآمد معجزہ یعنی قرآن مجید کے اعجاز کی دلیلین
اور اونکے باب مین پیشین گوئیان انبیاء سابقین علیہم السلام کی یہود اور نصرانیون کی کتابون
سے ذکر کرکے اونکے اصحاب کبار اور آل اطہار اور اصحاب معارف شعار رضی اللہ تعالے عنہم اجمعین
کے بالاجمال والاختصار مدارج عالیہ اور مناقب رفیعہ بیان کئے جاوینگے بعون اللہ تعالے وھو
المستعان تمت ترجمۃ الرسالۃ بعون اللہ تعالے ببرکۃ صاحب الرسالۃ اللھم صل علیہ و
علے آلہ وصحبہ اجمعین وسلم

تمت

بقلم ہیچ رقم کمترین محمد علی اکبرآبادی

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

کتب خانہ
جامعۂ عثمانیہ

۱۔ [illegible]

۲۔ [illegible]

۳۔ [illegible] کتابیں [illegible]

۴۔ [illegible]

۵۔ [illegible]

[illegible] کتابوں پر کسی قسم کا نشان [illegible]

[illegible] قلمی نسخے [illegible] جاری نہ کیے جائیں گے۔ فقط